backtracking نظر آ رہی ہے۔آج Express, Tribune اور Down اخبار میں front page پر comprehensive briefing آئی ہے، جو آپ نے cautiously چلنے کی بات کی ہے تو اس میں clearly کہا گیا ہے کہ یہ سارا کچھ back channel امریکہ کے Secretary of State Kerry اور پاکستان کے آرمی جنرل کیانی صاحب کے ساتھ ہوا ہے، ان کی meeting پہلے Jordon میں ہوئی تھی، پھر ان کی meeting مسقط اومان میں ہوئی اور پھر KKK meeting Kerry, Kiyani and Karzai, Brussels میں ہوئی، اس کے بعد کیری کا کیانی صاحب کو ٹیلیفون آیا اور James Dobbins جو نئے Ambassador آئے ہیں، وہ شامل ہیں۔ راجہ صاحب جو cautiously چلنے کی بات کر رہے ہیں، بڑی معذرت کے ساتھ کہ cautious کوئی نہیں ہے، ساری briefings آج چھپ چکی ہیں، front page of Express Tribune, وہ سٹوری پڑھ لیں، اس میں بڑی clearly طلعت حسین کی story ہے اور باقر سجاد سید کی story Dawn میں آئی ہے۔

دوسری جو نئی بات ہے اس میں، میں through the honourable Leader of the House وضاحت چاہوں گا۔ راجہ صاحب foreign affairs کے ماہر ہیں کیونکہ وہ خود Egypt میں Ambassador بھی رہے ہیں۔ آج اور خبر آئی ہے کہ انہوں نے announce کیا تھا کہ Secretary of State Kerry will be coming to Pakistan in end of June لیکن آج اعلان ہوا ہے کہ وہ 12 دن کے دورے پر جا رہے ہیں، جس میں ہندوستان شامل ہے لیکن اس میں پاکستان شامل نہیں ہے۔ تین دن پہلے فارن آفس سے announcement ہوئی تھی کہ Secretary of State Kerry پاکستان آئیں گے، اس کی تیاری وغیرہ ہو رہی ہے، all of a sudden ایک عجیب خبر آئی ہے کہ اب ان کا دورہ پاکستان کے حوالے سے ملتوی ہو گیا ہے۔ اب ان کا بارہ دن کا دورہ ہے اور وہ ہندوستان جائیں گے اور ان کے schedule میں پاکستان کے لیے جگہ نہیں ہے۔ کیا یہ کوئی change ہے یا کوئی بات ہے؟ اس کی ہمیں وضاحت چاہیے کیونکہ خارجہ پالیسی ایسا issue ہے کہ جس میں ہم چاہیں گے ایک قومی موقف ہو، national security, defence and foreign policy, جس میں حزب اختلاف اور حزب اقتدار کا ایک view ہونا چاہیے، we have a national perspective, to have that national perspective. I will be very grateful through you and through the Leader of the House کہ ہمیں

دیں لیکن شاید ان کی Adviser on Foreign Affairs briefing کے special assistant ساتھ چپقلش چل رہی ہے یا ان کا اپنا ذہن clear نہیں ہے۔ راجہ صاحب! آپ خود expert ہیں، آپ خود ہی آکر briefing دے دیں، سرتاج صاحب کو زحمت نہ دیں۔

Mr. Chairman: Let's give him time, an opportunity to the Government to have deliberations.

راجہ صاحب نے کہا ہے تو اسے سن لیجیئے۔

سینیٹر مشاہد حسین سید: سارا کچھ اخباروں میں چھپ رہا ہے، وہ understood ہو جائے گا۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: تمام چیزیں اخباروں میں آ رہی ہیں، اگر پارلیمنٹ کو confidence میں نہیں لیں گے تو پھر کس ادارے کو confidence میں لیں گے۔

جناب چیئرمین: میاں صاحب! انہیں تھوڑا موقع دیں، let them have the deliberations.

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب! کس چیز کی deliberations ہو رہی ہیں۔ وہ floor of the House پر آکر بات تو کریں۔

جناب چیئرمین: جی کاظم خان صاحب۔

سینیٹر محمد کاظم خان: جناب چیئرمین! وہ سب کچھ اخبارات میں آگیا ہے۔ میں نے وثوق سے کہا تھا کہ مذاکرات ہو چکے ہیں۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ جی Leader of the House.

سینیٹر راجا محمد ظفر الحق: جناب چیئرمین! اس میں کوئی شک نہیں ہے کہ آج کے اخبارات میں اس issue کے بارے میں بہت کچھ چھپا ہے۔ میں صبح تقریباً آٹھ اخبار یں دیکھتا ہوں، میں

نے بھی پڑھا ہے لیکن پہلی بات تو میں یہ clear کرنا چاہتا ہوں کہ بعض لوگوں نے جو اخبارات میں چھاپا تھا کہ کچھ اختلافات ہیں یا tussle between two Advisers and Special Assistant ہیں، وہ بالکل غلط ہے، I totally deny this. دوسری بات یہ ہے کہ I stand by my statement کہ ہم ہاؤس میں briefing دیں گے لیکن کچھ ایسی developments تو ہونے دیں جو کہ آپ کے علم میں کوئی اضافہ کر سکیں۔ میں نے پہلے ہی کہہ دیا تھا کہ یہ سارا کچھ ہو چکا ہے، تو پھر اس کا کیا فائدہ ہے لیکن انشاءاللہ تعالیٰ گورنمنٹ کی طرف سے سینیٹ میں briefing دی جائے گی، پہلے آگے کچھ معاملہ چلنے تو دیں۔ پاکستان کو اس میں hype create نہیں کرنی چاہیے۔

جناب چیئرمین: وہ پوچھنا یہ چاہتے ہیں کہ جو ہو چکا ہے، وہ بتایا جائے کہ ہوا کیا ہے۔

سینیٹر راجا محمد ظفر الحق: وہ ان کو پتا ہے، ان کو سب پتا ہے کہ سارا کچھ ہو چکا ہے۔

جناب چیئرمین: جی میاں رضا ربانی صاحب۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب! جو ابھی تک ہوا ہے، اس کے بارے میں تو آ کر ہاؤس کو confidence میں لیں۔ Adviser of Foreign Affairs, he should come in and take the House in confidence. یہ تو ایک ongoing process ہے۔ جب dialogue terminate ہو جائے گا تو تب یہ آ کر ہاؤس کو confidence میں لیں گے۔

جناب چیئرمین: راجہ صاحب نے آپ کے concerns note down کر لیے ہیں۔

سینیٹر راجا محمد ظفر الحق: جناب چیئرمین! بات یہ ہے کہ جس قسم کے حالات میں پرسوں سے یہ سلسلہ شروع ہوا ہے اور اس سے پہلے back channels چلتے رہے ہیں، یہ نہیں ہے کہ فوراً 4,8,10 دن میں یہ سارا معاملہ طے ہو جائے گا اور اس وقت briefing نہیں ہو گی، briefing اس سے پہلے ہو گی لیکن انہیں تھوڑا سا صبر کر لینا چاہیے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب! اس وقت جو بات clearly سامنے آئی ہے، وہ یہ ہے کہ راجہ صاحب نے کل on the floor of the House commitment کی اور جب وہ واپس گئے

why is he ،تو Adviser on Foreign Affairs نے منع کر دیا، یقیناً یہی بات ہے backtracking.

سینیٹر راجا محمد ظفر الحق: نہیں یہ backtracking نہیں ہے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: یہ بالکل backtracking ہے اور backtracking کیسے ہوتی ہے۔

Government does not want to take into confidence.

Senator Raja Muhammad Zafar–ul–Haq: No, Government would take the Parliament into confidence.

Senator Mian Raza Rabbani: When will they take the Parliament into confidence.

Senator Raja Muhammad Zafar–ul–Haq: That we will decide.

Senator Mian Raza Rabbani: What do you mean, you will decide.

Senator Raja Muhammad Zafar–ul–Haq: We will decide.

Senator Mian Raza Rabbani: This is not owned,

اگر گورنمنٹ کا یہ attitude ہے کہ they don't want to take Parliament into confidence on such an important issue, ایسا نہیں ہے اور اب آپ commitment دینے کے لیے تیار نہیں ہیں۔ آپ نے ایک bureaucrat Adviser لا کر بٹھا دیا ہے اور اس نے آپ کو منع کر دیا ہے۔

جناب چیئرمین: جی .Leader of the House

سینیٹر راجا محمد ظفرالحق: میں سمجھتا ہوں کہ یہ درست نہیں ہے۔ آپ میری طرف دیکھیں۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جی جناب! میں آپ کی طرف دیکھ رہا ہوں۔

سینیٹر راجا محمد ظفرالحق: یہ کوئی backtracking نہیں ہے، کسی نے منع نہیں کیا ہے، I stand by my commitment, I made a commitment on behalf of the Government of Pakistan. اس میں کوئی backtracking نہیں ہے۔ یہ کہ کب briefing ہو گی۔اس کے بارے میں آپس میں مشورہ کر کے تاریخ رکھ لیں گے۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: لیکن کب، یہ سیشن تو ختم ہوجائے گا، پھر کہیں گے کہ اگلے سیشن میں یا راجہ صاحب کم سے کم اتنا commit کریں کہ اس سیشن میں briefing ہو گی۔ I want holding of the briefing کہ کل ہو یا پرسوں ہو لیکن یہ commit کریں کہ اس سیشن میں briefing ہو گی۔

سینیٹر راجا محمد ظفرالحق: ابھی تو یہ بھی طے نہیں ہوا کہ یہ سیشن کب تک رہے گا۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب! جب تک رہے گا، before this session winds up راجہ صاحب یہ commit کریں کہ اس سیشن میں briefing ہو گی۔

سینیٹر مشاہد حسین سید: راجہ صاحب! ذرا کیری صاحب سے یا کیانی صاحب سے پوچھ لیں کہ کب briefing دینی ہے، ہو سکتا ہے مشورہ کرنا ہو۔

سینیٹر میاں رضا ربانی: جناب! اس پر کچھ کریں، پارلیمنٹ کو اس طرح نہیں لے جایا جا سکتا۔

جناب چیئرمین: میاں صاحب! آپ درست فرما رہے ہیں but still the Leader of the House says that I stand by my words.

Senator Mian Raza Rabbani: Sir, I have all the respect for Raja sahib's words.

جناب چیئرمین: میاں صاحب! میری عرض سن لیں۔

You must understand, you are very senior parliamentarian, when the Government give assurance, it's a sort of assurance given on the floor of the House and if that assurance is not fulfilled then there are provisions under the rules and those could be invoked.

Senator Mian Raza Rabbani: Mr. Chairman, it is an assurance which has no bottom, there is no limit to this assurance. It can be in this session, it can be in the next session. I want a categorical assurance that it will be in this session.

یہ بھی بڑی vague assurance ہے لیکن let this come that it will be in this session.

جناب چیئرمین: جی راجہ ظفر الحق صاحب۔

Senator Raja Muhammad Zafar-ul-Haq: Sir, I had made a commitment that when it was demanded that the Interior Minister should come and address the House, so, it was fulfilled the very next day. Similarly, I had made a commitment that even the Adviser on Foreign Affairs, he would also take the House into confidence on these developments and I stand by my commitment and it will be done but please don't force me to make a commitment here that on such and such date.

Mr. Chairman: As soon as possible kindly arrange it. Yes, Col. Tahir Hussain Mashhadi sahib.

Senator Col. (R) Syed Tahir Hussain Mashhadi: Thank you Mr. Chairman. Leader of the House is a very honourable man and he has given a commitment, however, the privilege, the prestige, the customs and the traditions of Parliament are well-documented and all the parliaments in the world are run on the same pattern. Here the majority of the honourable members is asking for a specific date. The honourable Leader of the House has already given a commitment that they will do it. So, why can't he just give a date by which he will do it and that would solve the problem. A vast majority of this honourable House is asking for this. It is a very important matter which has to be brought on the floor of the House. The Parliament can never be denied and no Government can shy away from being answerable to the Parliament.

I therefore, fully support the leader of the parliamentary party of Pakistan Peoples Party in this matter. I also request the honourable Leader of the House to give a date and set a good example in the best of parliamentary traditions. It is a great democratic party which has come to power and they must honour the democratic traditions and customs of Parliament. They should give us a date. It is a question of just getting the Adviser here, there is no matter of bone of contention. So, if he could kindly give a date, I will be grateful.

جناب چیئرمین: شکریہ۔ احمد حسن صاحب۔

سینیٹر احمد حسن: جناب چیئرمین! پرسوں سے خیبر پختونخوا سے مختلف لوگ ہمارے ساتھ رابطے کر رہے ہیں۔ اس معاملے کے پاکستان کی geo-political situation پر بہت اثرات پڑیں گے اور خصوصی طور پر KPK پر برے اثرات ہوں گے کیونکہ طالبان کے بہت زیادہ leaders پشاور اور کوئٹہ میں رہتے ہیں۔ قائدِ ایوان ہمارے لیے انتہائی قابلِ احترام ہیں، شاید میں سب سے زیادہ ان کو قابلِ احترام سمجھتا ہوں لیکن پہلی بار وہ اپنے مزاج کے خلاف بات کر رہے ہیں۔ جب بھی انہوں نے بات کی تو ہمیں اس سے سو فیصد تسلی ہوئی جبکہ اس بار انہوں نے جو بات کی، اس سے ہمارے شکوک بڑھ گئے۔ میں چاہوں گا کہ ہمارے پختونخوا کے لوگوں کی تسلی کے لیے بریفنگ دی جائے۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ ہیمن داس صاحب! آپ کا کیا معاملہ ہے؟ آپ بجٹ پر بولنا چاہ رہے ہیں۔ آپ کو موقع دیں گے۔ ابھی floor حاجی غلام علی صاحب کو دیتے ہیں۔

سینیٹر حاجی غلام علی: شکریہ جناب چیئرمین صاحب۔ افغانستان پر بات ہو رہی ہے اور بجٹ پر بھی۔ سب سے پہلے تو میں کہوں گا کہ جب بھی لوگ کہتے ہیں کہ ملک میں دہشت گردی فروغ پا رہی ہے تو اس میں کوئی شک کی بات نہیں۔ پورا ملک، بلوچستان، خیبر پختونخوا، کراچی، دہشت گردی کی لپیٹ میں ہیں۔ ہمیں سوچنا ہو گا کہ دھماکے، ٹارگٹ کلنگ اور دہشت گردی پھیل رہی ہے اور اس میں اضافہ ہو رہا ہے، اس کے ساتھ ہمیں یہ بھی سوچنا ہو گا کہ کس طرح لوگوں کو حکومت اور ملک کے خلاف بغاوت پر اکسایا جا رہا ہے۔ ہمیں دیکھنا ہے کہ وہ کون لوگ ہیں جو ہمیشہ حکومت، سیاسی لوگوں اور اسمبلیوں کے خلاف، عوام کے ذہنوں میں ایک ایسی فضا پیدا کرنے کی کوشش کرتے ہیں، جس سے as a whole دہشت گردی آگے بڑھ رہی ہے۔

جناب چیئرمین! آپ دیکھیں جب سے بجٹ announce ہوا، آئے روز اخبارات میں مہنگائی کی خبریں آ رہی ہیں۔ بجلی کی قیمتوں میں روزانہ اضافہ ہو رہا ہے۔ میری حکومت سے request ہو گی کہ عوام کے ذہنوں میں جو بے چینی اس بجٹ سے پیدا ہو رہی ہے اور جس طرح آئے روز اخبارات میں خبریں شائع ہو رہی ہیں، اس کا کچھ نہ کچھ سدِّباب ہونا ضروری ہے۔ حکومت بنے ہوئے ابھی دس دن بھی مکمل نہیں ہوئے اور لوگوں کے ذہنوں میں یہ سوچ ابھرنا شروع ہو گئی ہے کہ حکومت عوام کی فلاح و بہبود کے لیے کچھ نہیں کر رہی۔

جناب چیئرمین! سیلز ٹیکس میں اضافہ کیا گیا۔ پچھلی حکومت نے business community سے مذاکرات کیے، اس حکومت نے business community کو یہ یقین دہانی کرائی تھی کہ آپ سیلز ٹیکس کی رجسٹریشن کو بڑھائیں، انشاءاللہ، جتنا سیلز ٹیکس کی رجسٹریشن میں اضافہ ہوگا، ہم اس حساب سے سیلز ٹیکس کم کرتے جائیں گے۔ اس موقع پر business community نے ان سے ایک commitment کی تھی کہ تین چار سالوں میں اس کو single digit پر لائیں گے۔ اس کے برعکس موجودہ حکومت نے اس میں اضافہ کر دیا ہے۔ اس اضافے سے دو مسائل سامنے آرہے ہیں۔ ایک تو مہنگائی میں بے انتہا اضافہ ہو رہا ہے جبکہ دوسری بات یہ ہے کہ business community کے ساتھ یا taxpayers کے ساتھ آپ نے جو commitment کی تھی کہ رجسٹریشن کی طرف بڑھیں، لوگوں کو اس میں شامل کریں اور جوں جوں net base بڑھتا جائے گا، ٹیکس کی ratio خود بخود گرتی جائے گی، یہ حکومت اس commitment کو follow نہیں کر رہی۔ اس کے نتیجے میں بے روزگاری میں اضافہ ہوگا۔ بجلی کے نرخوں میں اضافے کے اثرات ہر چیز پر آئیں گے۔ جیسا کہ رات کو انہوں نے ایک SRO جاری کیا اور FBR نے ان تمام items کے نام دیے کہ دودھ اور فلاں فلاں چیز پر سیلز ٹیکس لاگو نہیں ہے لیکن وہ جس طریقے سے بن رہے ہیں اور جس carriage میں آرہے ہیں، ان کی قیمتوں میں لازمی طور پر اضافہ ہوگا۔ اس اضافے سے انہیں کوئی روک نہیں سکتا۔

جناب چیئرمین! ہم ہمیشہ یہی رونا روتے ہیں، آج آپ بلوچستان اور KPK کی صورت حال دیکھیں، ان علاقوں میں سرمایہ کاری کے لیے حکومت کی طرف سے incentives دینا تو دور کی بات ہے، انہوں نے قبائلی علاقہ جات اور خیبر پختونخوا کو جو facility پچھلی حکومت نے دی، وہ بھی واپس لے لی۔ خاص طور پر فاٹا کو جو facility آئینِ پاکستان نے دی، وہ کس طرح ایک بیان سے withdraw ہو سکتی ہے؟ میں آپ کی وساطت سے وزیرِ خزانہ سے کہتا ہوں کہ فاٹا میں سیلز ٹیکس کا ایکٹ لاگو نہیں ہے، کس طرح وہ ایک بیان دے کر کہتے ہیں کہ میں نے وہ سب کچھ withdraw کر دیا۔ آخر کیوں آپ ان لوگوں کے جذبات سے کھیل رہے ہیں؟ دوسری بات، میں حکومت سے درخواست کروں گا کہ اگر فاٹا کو 15 فیصد سیلز ٹیکس کی چھوٹ ہے تو آپ دیکھ لیں کہ 1973 سے آج تک وہاں چھ سے سات کارخانے تک نہیں بنے۔ اگر یہ چھوٹ زیادہ ہوتی تو پھر چاہیے تھا کہ لوگ وہاں زیادہ فیکٹریاں لگاتے۔ ہم حکومت سے یہ مطالبہ کریں گے کہ آپ فاٹا اور خیبر پختونخوا کو صنعتی ترقی اور تجارت کے فروغ کے لیے مزید

incentives دیں۔ اگر آپ پہلے سے دیے گئے incentives واپس لیں گے تو اس کا مطلب ہوگا کہ آپ فاٹا اور KPK کے ہر بے روزگار نوجوان کو یہ message دینا چاہتے ہیں کہ بھئی، بندوق اٹھاؤ اور بندوق کے ذریعے پیسے کماؤ۔ ہم سمجھتے ہیں کہ موجودہ حکومت کے کپتان، نواز شریف صاحب، ایک businessman ہیں۔ ہم چاہتے ہیں کہ وہ business incentives کے ذریعے لوگوں سے بندوق رکھوائیں۔ اگر موجودہ حکومت کے دور میں آپ لوگوں سے بندوق کے ذریعے پیسے کمانے کی بات کریں گے تو میرے خیال میں یہ چیز ملک اور قوم کے لیے کسی طور بھی بہتر نہیں ہے۔ تمام بنکوں کے head offices خیبر پختونخوا سے Islamabad move کر گئے ہیں، کوئی head office خیبر پختونخوا میں نہیں ہے۔ خیبر پختونخوا کی صنعتوں کو ایک پیسا بھی قرض نہیں دیا جا رہا ہے۔ حکومت بنکوں سے قرضے لے رہی ہے اور اس کے باوجود وہاں کی ہماری 90% صنعتیں بند ہو چکی ہیں۔ حکومت کو چاہیے کہ فاٹا اور خیبر پختونخوا کی صنعتی ترقی، تجارت کے فروغ کے لیے اتنے incentives دے کہ وہاں industries and trade کا پہیہ چلتا رہے۔ اگر اس پہیے کو رکوانے کی کوشش کی گئی تو اس کے اثرات نہ صرف خیبر پختونخوا اور فاٹا میں بلکہ ملک کے لیے بھی اچھے نہیں ہوں گے۔

جناب چیئرمین! میں آج بھی ذوالفقار علی بھٹو صاحب کو خراجِ تحسین پیش کرتا ہوں۔ کیوں پیش کرتا ہوں؟ اس لیے پیش کرتا ہوں کہ وہ خود چل کر باجوڑ، درگئی، وزیرستان گئے اور سب سے پہلے انڈسٹری کی بنیاد باجوڑ میں رکھی اور انہیں incentives دیے۔ ان کا باجوڑ، درگئی اور وزیرستان میں فیکٹریاں لگانے کا مقصد یہ تھا کہ وہاں صنعت کاری ہو۔ جناب والا! میں آپ کی وساطت سے حکومت سے پوچھنا چاہوں گا کہ وہ فیکٹریاں کیوں بند ہو گئیں؟ اس لیے کہ کراچی، لاہور، اسلام آباد، پشاور، باجوڑ، وزیرستان کے taxation کی base equal کر دی گئی۔ جب یہ equal کر دی گئی تو کیا باجوڑ میں گیس ہے؟ کیا وہاں بجلی ہے؟ کیا وہاں پانی ہے؟ کیا وزیرستان میں یہ facilities ہیں؟ وہاں carriage کا خرچ کتنا ہے؟ اس لیے وہ فیکٹریاں بند ہو گئیں اور ان میں کام کرنے والے سینکڑوں، ہزاروں لوگ بے روزگار ہو گئے۔ جب وہ بے روزگار ہوئے تو آپ اس کے اثرات دیکھ لیں۔ میں حکومت سے مطالبہ کروں گا کہ فاٹا کے لیے incentives دینے ہوں گے اور آپ ایسا programme لائیں کہ لوگوں کو چھوٹی صنعتوں کے لیے کم mark up پر قرضے دیں تاکہ وہاں کے لوگوں کا جو mind بنتا جا رہا ہے، وہ اس سے الگ ہو کر trade کے پہیے میں گھومیں اور جب وہ trade and industries کے پہیے میں

گھومیں گے تو ان کا mind دوسری چیزوں سے ہٹ جائے گا۔ آپ FATA and PATA میں قلم کی ایک جنبش سے کہتے ہیں کہ ہم نے سب کچھ واپس لے لیا۔ اس چیز کو خیبر پختونخوا، FATA and PATA کے عوام کبھی بھی نہیں مانیں گے۔ جس طرح تنخواہیں نہ بڑھنے پر احتجاج ہوا، انشاءاللہ پھر FATA, PATA and KPK کے عوام بھی نکلیں گے، اس لیے بہتر یہ ہے کہ ہمیں پہلے ہی incentives دے دیے جائیں۔

جناب چیئرمین! business community کو بار بار یہ کہا جا رہا ہے کہ آپ ٹیکس دیں، tax net میں آئیں، ہم آپ کو facilities دیں گے لیکن جب بھی بجٹ آتا ہے آپ خود دیکھ لیں، اُن ہی لوگوں کے گلے میں رسی کسی جاتی ہے جو already tax دے رہے ہیں۔ Tax کا base نہیں بڑھا اور یہ کیوں نہیں بڑھا؟ اس لیے کہ پاکستان کی افسر شاہی نہیں چاہتی کہ ان لوگوں پر اُن کی گرفت کمزور ہو۔ پاکستان کی business community موجودہ حکومت سے بہت توقعات رکھتی ہے، اس لیے کہ یہ خود ان تمام مرحلوں سے، مشکلات سے سفر طے کر چکے ہیں۔ Tax net کس طرح بڑھے گا؟ Tax base کس طرح بڑھے گی؟ آپ taxpayers کو کچھ نہ کچھ incentives دیں تاکہ عام آدمی جو کاروبار کرتا ہے، وہ سب کچھ کرتا ہے، دنیا میں تفریح کے لیے بھی جاتا ہے، business کے لیے بھی جاتا ہے لیکن اگر آپ اسے 1% or 0.5% incentives دیں گے اور اگر کوئی taxpayer Karachi جاتا ہے اور وہ اپنا NTN number دے تو اسے سو روپے کم پر ٹکٹ ملے گا۔ اگر وہ باہر کسی ملک میں جاتا ہے تو اسے 50% discount پر ٹکٹ ملے گا تو لوگ خود بخود tax net میں آئیں گے۔ اب تو لوگ tax net سے بھاگ رہے ہیں، وہ کہتے ہیں کہ ہم سے 2% زیادہ لے لیں لیکن ہم ان کاغذات میں نہیں آئیں گے۔ جناب والا! حکومت سے ہماری درخواست ہو گی کہ وہ سب سے پہلے business community کے ساتھ بیٹھیں اور ان کی مشکلات کا ازالہ کریں۔

جناب چیئرمین! ہم اس ایوان میں چار سالوں سے بلوچستان کا رونا رو رہے ہیں۔ خیبر پختونخوا، FATA and PATA کے معاملات پر حکومت کو سنجیدگی دکھانی ہو گی۔ حکومت کو ان معاملات پر ایک کمیشن بنانا ہو گا اور خیبر پختونخوا، FATA and PATA کے لیے، ان علاقوں کی صنعتوں کے لیے، وہاں نئی سرمایہ کاری کے لیے، وہاں بے روزگاری کے خاتمے کے لیے کام کرنا ہو گا اور انہیں incentives دینے ہوں گے۔ اگر یہ چیزیں وہاں نہ دی گئیں تو پھر بے روزگاری کا سیلاب بڑھتا

جائے گا جو اس ملک کے لیے اور اس system کے لیے نقصان دہ ہے۔ آپ دیکھ سکتے ہیں کہ لوگوں کے ذہن تیزی سے دوسری طرف جارہے ہیں۔ اس لیے حکومت کا یہ فرض ہے کہ ان علاقوں کے نوجوانوں کو خیرات نہیں، کارڈ وغیرہ نہیں بلکہ انہیں روزگار کی facilities دے تاکہ وہ لوگ برسر روزگار ہوں اور جب وہ برسر روزگار ہوں گے تو حالات ٹھیک ہوں گے۔ حکومت نے یہ بجٹ ایک ہفتے میں بنایا ہے، ویسے بھی یہ کتابیں پچھلے دور سے دی جارہی ہیں اور figures کچھ آگے پیچھے کیے جاتے ہیں لیکن میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ حکومت ان پسماندہ صوبوں کی ترقی کے لیے سب سے پہلے صنعتی ترقی اور تجارت کے فروغ کے لیے اقدامات اٹھائے ورنہ اس کا خمیازہ سب کو بھگتنا پڑے گا۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، نسیمہ احسان صاحبہ۔

سینیٹر نسیمہ احسان: شکریہ، جناب چیئرمین! بجٹ پر ہر پارٹی سے تعلق رکھنے والے میرے معزز اور قابلِ احترام بھائیوں اور بہنوں نے اظہارِ خیال کیا۔ میں بھی اپنی اور اپنی پارٹی BNP(A) کی طرف سے اظہارِ خیال کرنا چاہ رہی ہوں۔ جناب والا! ہمارے وزیر خزانہ صاحب نے 3985 ارب روپے کا بجٹ پیش کیا جس کی تفصیل کچھ اس طرح ہے کہ 975 ارب روپے مقامی بنکوں سے قرض لینے کا تخمینہ ہےاورچاروں صوبوں کی صوبائی حکومتوں کے پاس تیس جون تک 23ارب روپے ہوں گے۔ بیرونی قرضہ یا coalition support کی مد میں 576 ارب روپے اگلے مالی سال کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ ملکی وسائل سے 1918 ارب روپے کے حصول کا حکومت نے تخمینہ لگایا ہے۔ Capital receipts کی مد میں حکومت نے 493 ارب روپے دکھائے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں اس کا موازنہ پیش کرنا چاہتی ہوں۔ 13-2012 کے بجٹ میں یہ تخمینہ تھا کہ local borrowing 700 ارب روپے کے قریب ہوگی لیکن آخر میں یہ borrowings 1500 ارب روپے سے بھی تجاوز کر گئیں۔ پچھلی حکومت نے بھی coalition support اور بیرونی امداد کی مد میں 243 ارب روپے کا تخمینہ لگایا تھا لیکن وہ ہدف حاصل نہیں ہوا اور ایک دم سے موجودہ حکومت نے نئے سال میں 576 ارب روپے کا تخمینہ لگایا۔

جناب والا! یہ خیالی باتیں ہیں، یہ ہوائی باتیں ہیں اور ان کا حقیقت سے کوئی تعلق نہیں ہے۔ Local borrowing کی مد میں 975 ارب روپے کا جو تخمینہ دکھایا گیا ہے، میں یقین سے کہہ

سکتی ہوں کہ یہ 2000 ارب روپے تک جائے گا۔ صوبائی حکومتوں کے پاس 23 ارب روپے surplus میں دکھائے گئے ہیں لیکن جناب چیئرمین، موجودہ مالی سال میں صوبہ سندھ over draft پر ہے، صوبہ پنجاب اور صوبہ خیبر پختونخوا بھی over draft پر ہیں۔ بلوچستان زیادہ سے زیادہ دس ارب روپے surplus پر ہوگا۔ اگر تمام صوبوں کو مجموعی طور پر دیکھا جائے تو یہ نہ صرف 23 ارب روپے surplus میں ہیں بلکہ چالیس ارب روپے minus میں ہوں گے۔

جناب چیئرمین! Capital receipts ایسی مد ہے کہ اس کا مصرف بجٹ میں کم ہی ہوتا ہے۔ جہاں سے یہ رقم آتی ہے ان ہی مدات میں خرچ ہوجاتی ہے۔

(اس موقع پر ہاؤس میں اذان ظہر سنائی دی)

جناب چیئرمین: جی نسیمہ احسان صاحبہ۔

سینیٹر نسیمہ احسان: شکریہ جناب چیئرمین، خوشی اس بات کی ہے کہ اس وقت ہاؤس میں وزیر خزانہ صاحب بھی تشریف فرما ہیں۔

جناب، capital receipts ایسی مد ہے کہ اس کا مصرف بجٹ میں کم ہی ہوتا ہے۔ جہاں سے یہ رقم آتی ہے انہی مدات میں خرچ بھی ہوجاتی ہے لہٰذا بجٹ میں 493 ارب روپے کو عوامی فلاح وبہبود پر خرچ نہیں کرسکتے۔ یہ already booked ہیں لہٰذا موجودہ حکومت نے بجٹ میں general administration کے لیے 2329 ارب روپے رکھے ہیں۔ ترقیاتی فنڈ کے لیے 789 ارب روپے رکھے ہیں۔ Defence کے لیے 627 ارب روپے رکھے ہیں۔ Subsidy کی مد میں 240 ارب روپے رکھے ہیں۔ یہ ان کا کل بجٹ ہے جس کا موازنہ میں نے ایوان کے سامنے پیش کیا۔ یہ سوائے معلق اور خیالاتی تدابیر کے علاوہ کچھ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین، موجودہ حکومت نے بجٹ میں تنخواہوں میں کوئی اضافہ نہیں کیا لیکن اسی بجٹ میں مضحکہ خیز خبر یہ ہے کہ اس میں 25 ارب روپے pay and pension کی reforms کے لیے رکھے گئے ہیں لیکن تمام ملازمین کو بخوبی معلوم ہے کہ کوئی reforms نہیں آرہی ہیں۔ جناب

والا! یہ 25 ارب روپے اس مد میں مختص کیے گئے تھے کہ ان کے علم میں تھا کہ ملازمین شور مچائیں گے تو ان کو دس فیصد پر راضی کیا جائے گا۔

اب ہماری نظر میں حقیقی معنوں میں بجٹ کا تخمینہ کچھ اس طرح سے ہے کہ taxes and GST کی مد میں حکومت کو جو revenue حاصل ہوتا ہے وہ 2598 ارب روپے ہیں اور non-tax کی مد میں 822 ارب روپے کا تخمینہ لگایا گیا ہے۔ اس طرح 3420 ارب روپے بنتے ہیں۔ Divisible Pool کے تحت صوبوں کو 1502 ارب روپے trickle down ہوں گے لہٰذا مرکزی حکومت کے پاس 1918 ارب روپے بچیں گے اور ہماری نظر میں یہ صحیح تخمینہ ہے۔ یہ میری گزارشات اور میرے دیے گئے یہ تخمینے نوٹ فرمالیں اگر زندگی رہی تو اگلے بجٹ میں انشاء اللہ ان ہی پر بات کریں گے۔

جناب چیئرمین! اس بجٹ میں جو ایک فیصد GST بڑھادیا گیا ہے حکومت کا دعویٰ ہے کہ اس سے غریب آدمی کی زندگی پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ حکومت اس بات کو بنیاد بنا کر یہ کہہ رہی ہے کہ ہم نے جو food items پر GST کا اطلاق نہیں کیا تو زندگی کے اور کونسے شعبہ جات ہیں کہ جس کا زندگی پر اطلاق نہیں ہوتا۔ ماچس کی ڈبیا سے لے کر سر پر تیل اور صابن سے لے کر شادی ہال تک GST لگے گا اور عام consumer تک پہنچتے پہنچتے یہ 19% تک پہنچ جائے گا۔ ایک غیر قانونی ٹیکس جو مرکزی حکومت نے لگایا ہے، وہ services پر ہے جس کا اختیار صوبوں کو ہے لیکن مرکزی حکومت نے جوش حصول revenue میں لگادیا لیکن میں ایک گزارش کرنا چاہوں گی کہ وزیر خزانہ کی بجٹ تقریر میں گردشی قرضہ جات کی بڑی بازگشت سنائی دی کہ ان قرضہ جات کو یکمشت ختم کرنے سے افراط زر بڑھے گا سو ہر چیز غریب کی قوت خرید سے باہر ہوجائے گی۔

جناب چیئرمین! میں آپ کا زیادہ وقت نہیں لینا چاہتی اور آخر میں، میں یہ گزارش کرنا چاہتی ہوں کہ تعمیرات انسانی معاشرے کا ایک اہم جزہے۔ شعبۂ تعمیرات سے اور مزید پندرہ، سترہ، اٹھارہ صنعتیں وابستہ ہیں۔ آنے والے بجٹ میں پینتیس روپے فی بوری سیمنٹ کی قیمت پر اضافہ کیا گیا ہے لیکن مارکیٹ میں جا کر اس کا impact پچاس روپے ہوجائے گا۔ اس سے آپ اندازہ کرسکتے ہیں کہ کتنے لوگ بے روزگار ہوسکتے ہیں۔ ان میں ترکھان، رنگ ساز، رنگ بنانے والی کمپنیاں، معمار، پلمبر، بجری لانے والا ٹرک ڈرائیور، ہر گاڑی والا، مزدور، غرض کتنے سارے لوگ بے روزگار ہوسکتے ہیں۔

جناب چیئرمین! اس بجٹ کو ہم عوام دوست اور غریب دوست بجٹ نہیں کہہ سکتے البتہ اس کو ہم امیر دوست اور صنعت کار دوست بجٹ ضرور کہہ سکتے ہیں۔ اسی ہاؤس میں ایک دو دن پہلے میرے ایک معزز رکن بھائی نے فرمایا کہ کوئی یہاں یہ کہتا ہے کہ بلوچستان والے، کوئی پنجاب کا اور کوئی سندھ کا کہتا ہے مگر ہم اپنے آپ کو پاکستانی کیوں نہیں کہتے۔ جناب، ہمیں اپنے پاکستانی ہونے پر فخر ہے اور ہم بھی محب وطن ہیں۔ جناب چیئرمین! آپ یہ دیکھیں کہ اسی شاہراہ دستور پر آپ دور نہ جائیں۔ ہمارے بلوچستان سے تعلق رکھنے والے، جہاں اسی شاہراہ دستور پر یہ پارلیمنٹ ہاؤس، سپریم کورٹ اور وفاقی محتسب واقع ہیں، اسی پر ہمارے ڈیرہ بگٹی کے سپوت کھلے آسمان کے نیچے بے یارومددگار پڑے ہوئے ہیں۔ جناب چیئرمین! ان ہی کی زمین سے ہمارے پاکستان کے چولہے اور کارخانے چل رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! کیا وفاداری اور بھائی بندی کا صلہ ہم بلوچوں کو یہی ملنا چاہیے جس طرح بلوچوں کے عزت نفس کو مجروح کرکے دیا جا رہا ہے۔ جناب چیئرمین! میں ایک اور گزارش کرنا چاہوں گی۔ میری حکمرانوں سے یہی التجا ہے کہ خدا کے لیے ان کے ساتھ ایسا ظلم نہ کریں اور بلوچوں کی آواز ایسے نہ ہو کہ international اداروں میں گونجنے لگے اور بلوچوں کے ساتھ جو ناانصافیاں ہو رہی ہیں پھر ان کو ان ناانصافیوں کا پتا چلے۔ جناب والا! میں آپ سے ایک اور عرض کرنا چاہوں گی۔ اس الیکشن میں بلوچستان کے عوامی mandate کو پامال کیا ہے، Establishment نے اپنے سرکاری mandate کو جس جارحانہ انداز میں نافذ کیا اس کی مثال پچھلے 65 سالوں میں نہیں ملتی۔ جناب چیئرمین! پاکستان کا سب سے آخری حلقہ NA-272 میں دھاندلی سے اگر بڑھ کر کوئی چیز ہے، لفظ ہے، دھاندلہ ہے، دھانہ ہے، وہ ہوا ہے۔ جناب چیئرمین! PB-48 Kech-1 میں دھاندلی کے بارے میں آپ کو کچھ ایک آدھ واقعہ سنا دوں۔ جناب چیئرمین! PB-48 Kech-1 جہاں سے ڈاکٹر مالک صاحب ایک ہارا ہوا بندہ آج چیف منسٹر کی کرسی پر بیٹھا ہے اور جیتنے والے شخص سید احسان شاہ کے vote count نہیں کیے گئے۔ ہم لوگ یہاں چیف الیکشن کمشنر کے پاس آئے تو یہاں پر ہمیں یہ کہا گیا کہ the case has been dismissed, کیوں؟ جناب چیئرمین! ہم ہائی کورٹ گئے تو وہاں پر ہمیں یہ کہا گیا کہ the case has been dismissed. بلوچستان والوں کے ساتھ کیوں یہ ناانصافی ہو رہی ہے۔ جناب چیئرمین! اس لیے کہ یہاں پر ایک معزز رکن، میرے قابل احترام بھائی جو آج کل کابینہ میں شامل ہیں، ان کے ایک فون کی وجہ سے ایک ہارا ہوا شخص آج چیف منسٹر کی کرسی پر بیٹھا ہے اور جس نے جیتنا ہے اس کو ہروا دیا گیا ہے۔ ہمارے vote count

نہیں ہوئے۔ جناب چیئرمین! ہم انصاف کے لیے کہاں جائیں؟ ہمیں سنا نہیں جاتا، ہم دیواروں کے سامنے بولتے رہتے ہیں۔ جناب چیئرمین! حکمرانوں سے میری گزارش ہے کہ وہ ہوش کے ناخن لیں۔ ہمیں تو ایسے لگ رہا تھا کہ دوسرے اداروں کی طرح چیف الیکشن کمشنر ہمیں دوسرے درجے کا شہری نہیں سمجھے گا لیکن جناب چیئرمین! ہماری خوش فہمی تھی۔ جناب چیئرمین! ہمیں حق رائے دہی دیا جائے۔ ہمارے علاقے میں بھی پولنگ دوبارہ کی جائے۔ ایک ہارا ہوا بندہ جس کا یہاں پر دوست، بلوچستان سے تعلق رکھنے والے دوست کی وجہ سے یہاں پر فون کرکے ہارے ہوئے کو چیف منسٹر کی کرسی پر بٹھا دیتے ہیں۔ بلوچستان والوں کے ساتھ کہاں انصاف ہوتا ہے، کہاں انصاف کیا جا رہا ہے؟ جناب چیئرمین! ہمیں تو ایسے لگ رہا ہے کہ لاہور میں پھر سے رنجیت سنگھ کی حکومت قائم ہوئی ہے اور باقی صوبے اس کے باج گزار ہیں۔

(اس موقع پر اراکین نے ڈیسک بجائے)

جناب چیئرمین: جی، conclude کرلیں۔

سینیٹر نسیمہ احسان: جناب چیئرمین! حکمران اس دن سے ڈریں جس دن مظلوم بلوچوں کی آواز بین الاقوامی اداروں میں گونجنے لگے۔ جناب چیئرمین! شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔ مختیار احمد دھامرا صاحب۔

سینیٹر مختیار احمد دھامرا: شکریہ، جناب چیئرمین! جب یہ بجٹ پیش ہو رہا تھا اور نئی حکومت وجود میں آچکی تھی تو میڈیا کے اندر یہ رپورٹ آئی تھی کہ بجٹ آنے سے پہلے کچھ experts بٹھائے گئے تھے اور وہ experts جن میں ہماری حکومت کے ایک سابق وزیر شوکت ترین اور کچھ دوسرے مشہور ترین لوگ بٹھائے گئے تھے اور ان کی recommendation سے شاید موجودہ حکومت نے بجٹ پیش بھی کر دیا جس پر آج ہم بحث کر رہے ہیں۔ جناب چیئرمین! یہ بجٹ جس میں from beginning Opposition یہ چلا رہی ہے کہ جنرل سیلز ٹیکس جو آپ نے بڑھایا ہے اس سے مہنگائی بڑھ گئی ہے۔ ہماری بات پر کوئی توجہ نہیں دی گئی۔ حتیٰ کہ پھر ان اداروں کے لیے جن کی credibility کے لیے آپ own کرتے ہیں کہ سب سے زیادہ ہم اس ادارہ کے pro لوگ ہیں اس

نے نوٹس لے لیا اور اس بجٹ میں سرکاری ملازمین کے لیے میں یہ بات کیوں نہ کہوں جناب چیئرمین! کہ ایک روپیہ بھی نہیں بڑھایا گیا تو ہمیں آواز آتی ہے کہ نہیں جناب! وہ ہم نے بڑھادی۔ جناب عالیٰ! آپ نے تین دن کے بعد pressure میں تنخواہ بڑھائی ہے۔ آپ نے بجٹ میں سرکاری ملازمین کی تنخواہیں نہیں بڑھائیں۔ آپ نے مزدور دشمنی کا ثبوت دے دیا تھا اور آپ اس حکومت کو طعنہ دے رہے ہیں کہ خزانہ خالی تھا۔ جناب عالیٰ! جب خزانہ خالی تھا تو اس حکومت نے کبھی بھی مزدور دشمنی کا عمل نہیں کیا تھا اور ڈیڑھ سو سے زیادہ percentage سے سرکاری ملازمین کی تنخواہیں بڑھائی گئیں جب خزانہ خالی تھا تو سرکاری ملازمین کو کس مد سے تنخواہیں مل رہی تھیں، لہذا آپ کو قوم سے معافی مانگنی چاہیے کہ آپ نے جو سرکاری ملازمین کو 10% دیے ہیں، ہم کہہ رہے ہیں کہ کم از کم 15% ملنے چاہیے مگر وہ بھی انہوں نے اپنے احتجاج کی وجہ سے آپ کو مجبور کر دیا ہے۔ یہ ریکارڈ کی بات ہے کہ آپ نے ملازمین کے لیے ایک روپیہ بھی نہیں رکھا تھا۔

جناب چیئرمین! میں آج کی بات کر رہا ہوں۔ ہماری بات پر کوئی دھیان نہیں دیا۔ ٹھیک ہے کہ اگر ہم غلط بھی بول رہے ہیں تو Supreme Court نے آج GST کے حوالے سے چیف جسٹس آف پاکستان نے کہا ہے کہ GST سے 15% مہنگائی بڑھ گئی ہے۔ یہ سپریم کورٹ کے چیف جسٹس کہہ رہے ہیں، ہم تو غلط ہو سکتے ہیں، نعوذ باللہ وہ تو غلط نہیں ہو سکتے کیونکہ ان کی کہی ہوئی زبان کا ایک لفظ کبھی بھی غلط نہیں ہو سکتا۔ یہ آپ کہتے تھے اور آپ کے لیے آج decision آیا ہے کہ 15% مہنگائی بڑھ گئی ہے۔ اس کا حساب کون دے گا کہ بجٹ منظور ہی نہیں ہوا اور آپ کے عمل سے 15% سے زیادہ مہنگائی آ گئی ہے۔ ہم کہہ رہے ہیں کہ grassroots پر زیادہ مہنگائی بڑھی ہے۔ یہ چیف جسٹس صاحب کے الفاظ ہیں میں ان کو quote کر رہا ہوں۔ یہ کون تھے جنہوں نے بجٹ بنایا، کیا ضرورت تھی ایسے بجٹ کی، جس بجٹ میں بیرون ملک رہنے والی پاکستانی برادری کا بھی کوئی ذکر نہیں ہے جن کے پیسوں سے revenue generate ہوتا ہے۔ جناب چیئرمین! بجٹ میں laptop کی بات کی گئی ہے۔ ٹھیک ہے، آپ نے laptops دیے ہیں مگر آپ یہ بھی تفصیل بتاتے کہ ان laptops میں سے کتنے laptops سرکاری اسکولوں کے غریب بچوں کو دیے گئے؟ وہ laptops پرائیویٹ اسکولز کے ان بچوں کو دیے گئے جو فیملی آرام سے ایک سے دو laptop خرید سکتی تھی۔ ان students کو آپ نے laptops دیے مگر Interior Punjab کے سرکاری اسکولوں میں پڑھنے

والے کتنے students کو وہ laptops ملے ہیں۔ آپ یہ بھی تفصیل قوم کو بتا دیتے۔ آپ نے نوجوانوں کے لیے skill development کی بات کی، سندھ گورنمنٹ میں already پانچ سال سے یہ پروگرام بے نظیر بھٹو شہید یوتھ ڈویلپمنٹ کے نام سے youth skill کے لیے چل رہا ہے۔ آپ اس پروگرام کو پورے پاکستان پر لے کر آئے۔ ٹھیک ہے آپ یہ لے کر آئیں مگر یہ پروگرام پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت میں سندھ میں چل رہا تھا جس میں ڈیڑھ لاکھ سے زیادہ نوجوانوں کی ہم نے skill development کی۔ آپ نے بجٹ میں مزدوروں کے لیے کیا کیا ہے؟ جناب عالیٰ! کراچی مزدوروں کا شہر ہے، لاہور مزدوروں کا شہر ہے، گوجرانوالہ مزدوروں کا شہر ہے، حیدرآباد مزدوروں کا شہر ہے اور فیصل آباد مزدوروں کا شہر ہے جس میں بجلی کی لوڈشیڈنگ کے خلاف جب احتجاج last year ہو رہے تھے تو آپ ان protests کو lead کر رہے تھے، آپ نے لوگوں کو کہا تھا کہ بجلی نہیں ہے، ان بجلی والوں کے دفتروں کو جلادو۔ اگر 20 دن پہلے فیصل آباد کے عوام نے آپ کے دیے ہوئے درس پر عمل کر دیا تو آپ کی پولیس نے کلہاڑیاں لے کر چادر اور چاردیواری کا تقدس پامال کر دیا۔ آپ نے پانچ constables کو معطل کر دیا، ان کو حکم دینے والے اعلیٰ افسران کی punishment کہاں ہے۔

جناب والا! پاکستان میں یہ پہلا موقع ایسا آیا کہ experts بٹھائے گئے ہیں، میں اب کیا کہہ سکتا ہوں کہ وہ experts کون تھے بجائے اس کے کہ میرے پیارے دوست جو اس سائیڈ پر یہ کہتے تھے، میں ان ہی کے الفاظ دہراتا ہوں کہ یہ کون تھے 'کچھ نتھو تھے، کچھ خیرے تھے، کچھ ایرے تھے، کچھ غیرے تھے' یہ کون تھے جنہوں نے یہ بجٹ دیا۔

جناب چیئرمین! آپ نے بینظیر بھٹو انکم سپورٹ پروگرام کا نام بجٹ سے ختم کر دیا۔ جناب چیئرمین! یہی ایوان تھا جب ہمیں طعنے دیے جاتے تھے کہ ہم جب حکومت میں آئیں گے تو بی بی کے قاتل گرفتار کریں گے۔ آپ جب حکومت میں آئے تو بی بی کا نام بھی برداشت نہیں کر سکے۔ میڈیا کے اندر ہونے والی تنقید پر مجبور ہو کر آپ نے یہ نام دیا اور پروگرام اس لیے ختم نہیں کر سکتے تھے کیونکہ آپ کو پتا تھا کہ غریب مستفید ہونے والے لوگ سڑکوں پر آجائیں گے اس لیے مجبوراً آپ نے اس پروگرام کو شروع کیا، ٹھیک ہے یہ خوش آئند بات ہے۔ ہم نے اس دن بھی کہا تھا کہ بینظیر بھٹو کی قاتل وہ سوچ ہے جس نے ملالہ پر حملہ کیا، وہ سوچ جو مسجدوں میں نماز پڑھنے والوں پر حملہ کرتی ہے، مندروں میں عبادت کرنے والے بے گناہ غیر مسلموں کے اوپر حملے کرتی ہے، امام بارگاہوں میں مجالس

کرنے والوں کے اوپر حملہ کرتی ہے ، وہی سوچ بینظیر کی قاتل ہے۔ آپ نے اس سوچ سے compromise کیا، آپ نے اس سوچ سے negotiations کیں، آپ نے اس سوچ کے بل بوتے پر الیکشن میں حصہ لے لیا، وہ سوچ جو بینظیر کی قاتل تھی آپ نے ان سے اتحاد کیا اور آج بھی جب کوئٹہ کے اندر ہنگامے ہوتے ہیں، bombs blast ہوتے ہیں، آپ کہتے ہیں کہ security forces کے درمیان coordination نہیں ہے، آپ ان کا نام لے کر تنقید نہیں کرتے۔ آپ اپنے ہی اداروں کی کمزوریوں پر بات کرتے ہیں۔

جناب مشاہد اللہ صاحب! آپ کتنے کاموں سے انکار کریں گے۔ آپ ساری چیزوں سے انکار کردیں مگر ایک چیز سے انکار نہیں کر سکیں گے۔ یہ تاریخی چیز ہو گی کہ heavy mandate اللہ مبارک کرے آپ کو، آپ آمین تو بالکل کہہ رہے ہیں لیکن heavy mandate کا حال ایسا نہ ہو جیسے ابتدا ہی میں آپ کے اقدامات Supreme Court میں challenge ہو چکے ہیں، سرکاری ملازمین نے احتجاج کرکے آپ کو مجبور کر دیا اور آپ نے ان کی تنخواہیں بڑھائیں۔ میں دعا کرتا ہوں کہ اس mandate کا حال 1999 کے coup جیسا نہ ہو کیوں کہ اس وقت بھی آپ کو heavy mandate ملا تھا، آپ نے آمین کہا تھا۔ ہم دعا گو ہیں اور کوشش کریں گے کہ اس mandate کا وہ حال نہ ہو اور پانچ سال کی مدت اسمبلیوں کی پوری ہو۔ آپ نے جو ہمارے اوپر تنقید کی ہے، آپ کے اعمال بھی قوم کے سامنے آنے چاہییں کیونکہ پندرہ دن کے اندر سپریم کورٹ کیا کہہ رہی ہے؟ ہم اس لیے کہہ رہے ہیں کہ حکومت چلتی رہے۔ سپریم کورٹ نے اصغر خان کیس میں declare کر دیا کہ اس ملک و قوم کے ووٹ کے تقدس کی پامالی کے حوالے سے کیا ہوا۔ یہ ہم نہیں کہہ رہے ، یہ سپریم کورٹ کی judgment کہہ رہی ہے۔ افسوس یہ ہے کہ action لینے کی بجائے فیڈرل ایجنسی کا نام لے کر اس ٹائم ہمیں کہہ دیا گیا کہ آپ investigation کریں مگر اس فیڈرل ایجنسی کی credibility کو اتنا خراب کیا جا چکا تھا کہ اگر حکومت وقت اس ایجنسی کے ذریعے کوئی کارروائی کرتی تو شور مچایا جاتا کہ ہم politically victimize ہو رہے ہیں ۔ ہم نے ان فیکٹریوں کے تالے نہ کھولنے دیے جہاں سے پروپیگنڈا کے certificates issue ہوتے ہیں اور کچھ پارٹیاں اور کچھ افراد شاید سیاسی جام شہادت نوش کرنے کے چکر میں تھے، اس لیے ہم نے یہ فیصلہ تاریخ کے اوپر چھوڑ دیا۔ اس لیے ہم نے آئین کے Articles 62 and 63 کے اوپر چھوڑ

دیا تھا کہ شاید اس پر عمل کرے مگر افسوس کہ اس کے اوپر عمل نہیں ہوا کیوں کہ یہ تاریخ کا المیہ ہے کہ ہمیں شہادتیں نصیب ہوتی ہیں، احتساب بھی ہمارا ہوتا ہے۔

وہ قتل بھی کرتے ہیں تو چرچا نہیں ہوتا

ہم آہ بھی بھرتے ہیں تو ہو جاتے ہیں بدنام

جناب چیئرمین! ہم غلط ہو سکتے ہیں، آپ درست سمت میں چلیں کیونکہ بات صرف بیس دن کی ہے، بیس دن کے اندر آپ نے جو decisions لیے ہیں، آج آپ کہہ رہے تھے کہ ہم نے حقوق بلوچستان کی بات کی، آپ نے کہا کہ نہیں آپ صحیح عمل نہیں کر رہے ہیں، آج اس ادارے کے سامنے جہاں پر پورے پاکستان کو انصاف ملتا ہے اس کے سامنے بلوچ عوام نہتے کھڑے ہیں، اب یہ قوم آپ سے مطالبہ کر رہی ہے، آپ کی طرف دیکھ رہی ہے کہ خدارا بلوچستان کے عوام پر رحم کریں، ہم ہو سکتا ہے غلط تھے، اگر آپ ٹھیک ہیں تو ان بلوچوں کو ان کے اپنے علاقوں میں لے جائیں۔ ہم نے جہاں پر ملک کی بات تھی وہاں پر بین الاقوامی دباؤ کی پرواہ نہیں کی، ایران پائپ لائن کا آج ذکر نہیں ہے اس لیے کہ دوسرا کوئی پڑوسی مسلم ملک ناراض ہو جائے گا۔ ہم نے جناب چیئرمین! اس کی پرواہ نہیں کی تھی۔ آپ نے دیکھا کہ ایران گیس پائپ لائن کا ذکر بجٹ میں نہیں کیا، آگے چل کر آپ کو اس فیصلے کو قبول کرنے کے لیے صحیح سمت میں آنا پڑے گا، یہ کوئی معمولی چیز نہیں ہے۔ جب سلالہ چیک پوسٹ پر حملہ ہوتا ہے تو بغیر کسی ایک منٹ کی تاخیر پر NATO supply بند ہو جاتی ہے اور دونوں ایوانوں کے جوائنٹ سیشن میں تمام پارٹیوں کے consensus سے کھلتی ہے۔ NATO supply کو بند کرنا ہماری پارٹی کی جرات تھی اور یہ بات سب کو ماننی پڑے گی۔ یہ تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی ہوئی بات ہے۔ اسی پارلیمنٹ کے اندر عسکری قیادت کو عوامی نمائندوں کے سامنے سوال و جواب کے لیے بٹھا دیا گیا تھا۔ آج رضا ربانی صاحب نے جس point of order کی بات کی ہے اور جس طرح کا response اس سیٹ سے آیا ہے۔ ان کو یہ پتا ہی نہیں ہے کہ وہ کس قیادت کے متعلق بات کر رہے ہیں، اس لیے آپ جب credibility کی بات کرتے ہیں تو پھر سابقہ حکومت کی NATO supply کو بند کرنے کی بات آپ کو سامنے رکھنی پڑے گی۔ آپ کو ایران گیس پائپ لائن کی بات یاد رکھنی پڑے گی۔ آپ کو گوادر پورٹ چائنہ کے حوالے کرنے والی بات یاد کرنی پڑے گی۔ آپ کو بینظیر

سپورٹ پروگرام کی بات یاد کرنی پڑے گی جس کو آپ بھی چلانے کے لیے مجبور ہوگئے۔ اگر آپ ان سب چیزوں سے deny کرتے ہیں تو پھر کیا کہہ سکتے ہیں۔ میں آخر میں جس بات کا ذکر کرنا چاہتا ہوں اس سے بھلے انکار کیا جائے مگر پاکستانی قوم کے سامنے اس بات کو جھٹلایا نہیں جاسکتا کہ سابقہ حکومت نے presidency کو powerless کر کے پارلیمنٹ کو خود مختار کر دیا تھا۔ اس آئین کے اندر تیسری بار وزیر اعظم بننے پر پابندی تھی جناب چیئرمین! وہ جناب آصف علی زرداری اور پیپلز پارٹی کی سابقہ حکومت کا کارنامہ تھا ورنہ آج میاں محمد نواز شریف صاحب مسلم لیگ (ن) کے قائد ضرور ہوتے لیکن Prime Minister کی حیثیت سے آج ایوان میں موجود نہ ہوتے۔ یہ ایک کڑوی حقیقت تو ہو سکتی ہے مگر اس کو ماننا پڑے گا، اگر یہ شق ختم نہ ہوتی، آپ تیسری مرتبہ پرائم منسٹر نہیں بن سکتے، آپ اپوزیشن میں تھے، ہم حکومت میں تھے اور یہ شق ہم نے ختم کی۔ جناب آصف علی زرداری صاحب نے ایسا کر کے political maturity کا مظاہرہ کیا۔

جناب چیئرمین! یہ بڑے افسوس کی بات ہے کہ جس نے اس وقت کے آمر کو مشورے دیے، اس کی kitchen Cabinet میں شامل تھے آج وہی شخص اس حکومت کا وزیر قانون ہے۔ کورٹ میں اس کو بھی challenge کیا گیا ہے، ہونا تو یہ چاہیے تھا کہ جس شخص نے تیسری بار وزیر اعظم بننے پر پابندی لگائی تھی وہ آج Cabinet میں ہے اور جس نے پابندی ختم کی آج آپ اس کو تنقید کا نشانہ بنا رہے ہیں-----

Mr. Chairman: Conclude now.

سینیٹر مختیار احمد دھامرا: جناب چیئرمین! میں آخر میں اس ایوان میں ان بچیوں اور بچوں کی طرف سے اور ان بزرگ ماؤں اور بہنوں کی طرف سے اس موجودہ حکومت کو ہاتھ جوڑ کر اپیل کرتا ہوں کیونکہ ان کا یہ track record رہا ہے کہ یہ جب بھی اقتدار میں آئے ہیں انہوں نے سرکاری ملازمین کو نوکریوں سے نکالا ہے، خدارا آپ ہم سے انتقام ضرور لینا، ہمیں جیلوں میں ضرور ڈالنا مگر پیپلز پارٹی کے دور میں بھرتی ہونے والے ملازمین کو بے روزگار نہ کرنا، آپ نے ماضی میں ایسا کیا تھا اور جوانوں کو بے روزگار کیا تھا۔ یہ بھلے پیپلز پارٹی کی طرف سے آئے ہیں، ان کو بے روزگار نہ کرنا۔ سابقہ حکومت نے لوگوں کو روزگار دیا تھا اور ماضی کی حکومت میں contract base پر آنے والے ملازمین کو

confirm کیا تھا، اس لیے میں آخر میں آپ کے آگے ہاتھ جوڑ کر التماس کرتا ہوں کہ خدا را ان ملازمین پر رحم کرنا۔ اگر آپ نے ایسا کوئی غلط فیصلہ کیا تو پوری قوم سڑکوں پر ہو گی اور جس طرح آپ نے دوسرے فیصلے واپس لیے ہیں کہیں پھر ایسے فیصلے کو بھی واپس نہ لینا پڑے اور اس طرح آپ کی credibility خراب ہو جائے گی۔ میں آپ کے لیے دعا گو ہوں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: شکریہ، جی ظفر اللہ خان۔

سینیٹر ظفر اللہ خان: شکریہ جناب چیئرمین! آج بجٹ کے حوالے سے مجھے اپنی معروضات اس معزز ایوان میں پیش کرنے کا موقع دینے پر آپ کا بے حد مشکور ہوں۔ پارلیمنٹ میں بجٹ پیش ہونے کے بعد پارلیمان میں اور پرنٹ اور الیکٹرانک میڈیا پر مختلف انداز بحث و تاثرات پیش ہو رہے ہیں۔ بجٹ پر بحث کرنے سے قبل چند روز پہلے بننے والی حکومت کو اتنے قلیل عرصہ میں بجٹ بنا کر پیش کرنے کا اعزاز حاصل ہوا۔ ہمیں ورثہ میں خالی خزانہ، دہشت گردی، کرپشن کے بڑے بڑے سکینڈل ملے جس پر سپریم کورٹ کے فیصلے موجود ہیں۔ ان حالات میں بجٹ پر اعتراضات تو ٹھیک ہیں لیکن منفی انداز میں بجٹ پر اعتراض کرنا میری سمجھ میں نہیں آتا۔ بجٹ کی تیاری میں جناب میاں محمد نواز شریف صاحب کی قیادت میں وفاقی وزیر خزانہ کی کاوشوں اور محنت سے متوازن بجٹ پیش کرنے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں۔ اس بجٹ میں خاص طور پر غریب عوام کا خیال رکھا گیا ہے۔

جناب والا! آسان شرائط پر قرضے، نوجوان طالبعلموں کو سولہ سالہ تعلیم کے بعد وظیفہ جات، تعلیم، صحت سمیت تمام شعبوں کا خیال رکھا گیا ہے۔ لوڈشیڈنگ کے ورثے میں ملنے والے عذاب سے نجات کے لیے معقول رقم رکھی گئی ہے۔ ہماری قیادت اور پارلیمنٹیرین اور حکومت کا صدق دل سے خدائے بزرگ و برتر کے روبرو اور عوام کے روبرو وعدہ ہے اور دعا ہے کہ اللہ ہمیں اپنے ارادوں میں کامیاب کرے تاکہ ملک کو ان بحرانوں سے نکالا جا سکے۔ جناب والا! گردشی قرضوں کو ختم کرنے کی پالیسی اختیار کی گئی ہے، کاروباری افراد، زراعت کو ترقی دیں گے۔ اس بات سے انکار نہیں کہ غریب عوام مزید کسی بوجھ کو برداشت نہیں کر سکتے۔

جناب چیئرمین! ہمارا علاقہ بھکر ایک پسماندہ علاقہ ہے، جناب وزیر خزانہ نے ملتان ڈویژن، بہاولپور ڈویژن، ڈی جی خان ڈویژن کو انتہائی پسماندہ قرار دیا ہے۔ اگر یہ تینوں ڈویژن انتہائی پسماندہ

ہیں تو سرگودھا ڈویژن کا ضلع بھکر ان سے بھی زیادہ پسماندہ ضلع ہے۔ میری آپ کے وساطت سے گزارش ہے کہ ملتان، بہاولپور اور ڈی جی خان ڈویژن کی طرح بھکر ضلع کو بھی کم ترقی یافتہ علاقوں کے طالب علموں کی فیس سکیم میں شامل کیا جائے۔ بجٹ میں پسماندہ علاقوں کا خیال رکھا گیا مگر میری گزارش ہے کہ اس مسئلے کا فوری حل کیا جائے۔ آخر میں میری گزارش یہ ہے کہ آئیے مل کر ملک کو سنواریں۔ سیاست بھی ہوتی رہے گی، اپوزیشن بھی ہوتی رہے گی۔

جناب چیئرمین! ضلع بھکر میں دریائے سندھ میں کٹاؤ سے بڑی قیمتی زمینیں، زرخیز زمینیں اور لاکھوں ایکڑ زمین پر کھڑی کماد کی فصلیں، مونگ کی فصلیں کٹاؤ کی وجہ سے تباہ و برباد ہو رہی ہیں۔ میری گزارش ہے کہ ان قیمتی زمینوں کو اور بے شمار آبادیوں کو، اگر اس کا فوری حل نہ نکالا گیا تو وہ قیمتی زمینیں کٹاؤ سے ضائع ہو جائیں گی اور وہاں کی آبادیاں بھی ختم ہو جائیں گی، وہاں کے رہنے والے لوگ بے گھر ہو جائیں گے۔ اگر اس تباہی کے بعد اس کی آباد کاری کے لیے کچھ کیا گیا تو آج کروڑوں میں وہ آبادیاں اور زمینیں بچائی جا سکتی ہیں، کل ان پر اربوں روپے خرچ ہوں گے۔ میں گزارش کروں گا کہ جتنی جلدی ہو سکے اس مسئلے کا حل نکالا جائے۔ کل ہمیں اطلاع آئی ہے کہ کافی دیہات دریائے سندھ کے کٹاؤ سے تباہ ہو چکے ہیں، دریائے سندھ آگے بڑھ رہا ہے، کٹاؤ جاری ہے میں ان ہی الفاظ کے ساتھ آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں۔

جناب چیئرمین: شکریہ، ڈاکٹر سعیدہ اقبال صاحبہ۔

سینیٹر سعیدہ اقبال: شکریہ جناب چیئرمین! گو کہ مجھے معیشت اور تجارت کا، بجٹ کا تجربہ نہیں ہے اور میں ایک عام آدمی کی حیثیت سے اس بجٹ کے بارے میں کچھ گزارشات پیش کرتی ہوں۔ سب سے پہلے تو تدریس سے تعلق کی بنیاد پر مجھے اس بات پر حیرت ہوئی اور افسوس بھی کہ higher education کے لیے تو بہت رقم مختص کی گئی ہے مگر جو چیز ریاست کی بنیادی ذمہ داری ہے، بنیادی تعلیم اس کا ذکر نہیں کیا گیا۔ جب تک ریاست بنیادی تعلیم مہیا نہیں کرتی، اعلیٰ تعلیم بے معنی ہو جاتی ہے، اس لیے میری گزارش ہے کہ اس فیصلے پر نظر ثانی کی جائے۔ جب تک ہر بچہ سکول نہیں جاتا ہم اعلیٰ تعلیم کی بات کر ہی نہیں سکتے۔ اعلیٰ تعلیم تو مخصوص لوگوں کے لیے ہوتی ہے جو afford کر سکتے ہیں۔

جناب والا! اس کے علاوہ یہاں پر بات ہوئی کہ بنیادی انسانی حقوق کی وزارت کو ختم کر دیا گیا ہے۔ اس وزارت کے تحت women crisis centre اور پاکستان سویٹ ہوم چل رہے تھے۔ میں وضاحت چاہوں گی کہ اس کے مستقبل کے بارے میں بتایا جائے کیونکہ یہ عورتوں اور بچوں کے لیے کام ہو رہا تھا، اس میں اگر رکاوٹ پڑی تو پوری قوم صدیوں پیچھے چلی جائے گی۔ کل مصطفیٰ کمال صاحب نے اپنی بہت اچھی تقریر میں urbanization کے حوالے سے بات کی، آپ سے بہتر کون جانتا ہے کہ کراچی کی طرح اسلام آباد بھی اب اسی چیز کا شکار ہو رہا ہے اور بہت بے دردی سے اسلام آباد کی آبادی بڑھ رہی ہے۔ یہاں کی تعلیم، یہاں کی صحت اور یہاں کا ماحول متاثر ہو رہا ہے اس لیے ضروری ہے کہ ملک میں چھوٹے ٹاؤن بنائے جائیں، اس میں بنیادی سہولیات دی جائیں اور اسلام آباد کی طرف جو migration ہو رہی ہے اس کو روکنے کی کوشش کی جائے۔

جناب والا! جو بات سینیٹر احمد حسن نے شروع کی مگر وقت کی تنگی کی وجہ سے وہ اپنے علاقے کی طرف چلے گئے، وہ گدون انڈسٹریل اسٹیٹ کے حوالے سے ہے جو بے نظیر شہید کی حکومت نے شروع کی تھی۔ اس علاقے کے غریب ترین، پسماندہ ترین علاقے میں لوگوں کو دروازے پر مزدوری مل رہی تھی اس کو بعد میں آنے والی حکومت نے کالا ناگ کہہ کر بند کر دیا اور آج وہاں کے عوام روزگار کے لیے ملک سے باہر، کراچی اور اسلام آباد جاتے ہیں۔ اس طرح family split ہوتی ہے اور غربت کی سطح سے لوگ نیچے آرہے ہیں۔ میری گزارش ہوگی کہ اس کو بھی establish کیا جائے، پختونخوا کی عوام پر رحم کریں ۔ ان کو روزگار کے مواقع جو ان کی شہید لیڈر نے فراہم کیے تھے ان کو اس سے محروم نہ کیا جائے۔

جناب والا! تعلیم کے حوالے سے بات ہوئی تو پچھلے دور میں جب ہم یہاں کے اساتذہ کو مستقل کر رہے تھے، ہم نے انٹرن شپ سکیم شروع کی تھی، اس انٹرن شپ سکیم کو جاری رکھا گیا ہے اور کہا گیا ہے کہ یہ سکیم شروع کی گئی ہے تو بہتر یہ ہوتا کہ اچھے traditions بنائے جاتے اور کہا جاتا کہ ہم پچھلی حکومت کی انٹرن شپ سکیم جاری رکھیں گے۔ اسی طرح وسیلہ روزگار کی سکیم، اسی طرح ٹیکنیکل ٹریننگ کی سکیم جو ہم بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت چلا رہے تھے اس کو قائم رکھا جا رہا ہے، یہ بہت اچھی بات ہے۔ Federating units کی یہاں بہت بات ہوتی ہے اور فاٹا والے بھی فاٹا کا ذکر کر لیتے ہیں مگر ICT بھی ایک non federating unit ہے۔ ICT کے بارے میں یہاں کبھی بات نہیں ہوتی کہ ICT کی عوام کے بھی اسی طرح کے مسائل ہیں جس طرح فاٹا کے ہیں۔ سب سے بڑھ کر ہمارے اداروں میں devolve محکمے جو صوبوں کو چلے گئے، تعلیم، صحت اور سی ڈی اے، ان میں

اسلام آباد کی عوام کے لیے کوئی روزگار کے مواقع نہیں ہیں۔ اسلام آباد کے سکولوں اور ہسپتالوں میں اسی طرح کوٹا سسٹم چل رہا ہے جس سے ہمارے بچے اور بچیاں روزگار سے محروم ہیں۔ میں آپ سے اور حکومت سے تعاون کی درخواست کروں گی کہ اسلام آباد کے شہریوں کو ان کا یہ حق دیا جائے۔ جو محکمے devolve ہوگئے ان میں اسلام آباد کے نوجوانوں کے لیے نوکریاں مختص کی جائیں۔ اگر higher level پر نہیں تو کم از کم پندرہ گریڈ تک کی اسامیاں جس میں سکول ٹیچر اور کلرک شامل ہیں وہ اسلام آباد کی عوام کو دیے جائیں۔ اس وقت اسلام آباد میں سینکڑوں لڑکے اور لڑکیاں بے روزگار پھر رہے ہیں مگر CADD میں جو ملازمتیں، سی ڈی اے میں جو ملازمتیں ہیں، تمام ملک کے لیے ہیں لیکن اسلام آباد کی عوام کے لیے کسی صوبے میں گنجائش نہیں ہے۔ یہ کب تک چلے گا؟ کب تک ICT کی عوام کے ساتھ یہ ناانصافی ہوگی جبکہ ان کی آبادی تیزی سے بڑھ رہی ہے، بے ترتیب طریقے سے بڑھ رہی ہے اور تمام چیزیں متاثر ہو رہی ہیں۔ گندگی پھیل رہی ہے، ماحول خراب ہو رہا ہے، تعلیم اور صحت پر فرق پڑ رہا ہے۔ اسلام آباد میں صرف ایک ہسپتال PIMS ہے جس میں اتنا رش ہے، دوسرے ہسپتالوں کو ہفتے والے دن بند کیا جاتا ہے، میری گزارش ہے کہ تمام ہسپتالوں کو ہفتے والے دن کھلا رکھا جائے تاکہ PIMS کی طرف جو پختونخوا اور پنجاب سے لوگ آتے ہیں وہ دوسرے ہسپتالوں میں بھی جا سکیں۔ آپ نے ذاتی طور پر اپنی کاوش سے دیہی علاقے میں health units بنوائے ہیں مگر وہ ابھی تک operational نہیں ہیں، ان کو بھی operational کیا جائے۔ سکولوں میں جو تعداد زیادہ ہو رہی ہے وہ بھی آبادی کی زیادتی کی وجہ سے ہے، غیر تصدیق شدہ آبادی بڑھتی جا رہی ہے اور مستقل دونوں اطراف سے اسلام آباد کے مضافات میں لوگ جمع ہو رہے ہیں اور اس کے بعد ان کا claim ہمارے وسائل پر ہوتا ہے وہ پاکستان کے شہری ہیں مگر اسی حساب سے اسلام آباد کو فنڈز بھی دیے جائیں۔ اسی حساب سے اسلام آباد کو ملازمتیں بھی دی جائیں خاص طور پر ہمارے سکولوں میں، میونسپل کارپوریشنوں میں lower employees صرف اسلام آباد سے لیے جائیں۔

Mr. Chairman: Thank you, the House stands adjourned to meet again on Friday, the 21st June, 2013 at 10:00 a.m.

[The House was then adjourned to meet again on Friday, the 21st June, 2013 at 10:00 a.m.]